سوال

(337) تسبیحات رکوع وسجدہ کی تعداد

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

رکوع اور سجدے میں پڑھی جانے والی تسبیح " سبحانک اللھم ربنا وبحمدک اللھم اغفرلی " یا دیگر لمبی تسبیحات کیا صرف ایک دفعہ پڑھی جا سکتی ہیں یا تین بار پڑھنا ضروری ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

مذکورہ تمام تسبیحات کو ایک دفعہ پڑھنا واجب اور ضروری ہے ،جبکہ ایک سے زائد بار پڑھنا مستحب اور افضل عمل ہے ، کیونکہ نبی کریم ﷺ کثرت سے یہ تسبیحات پڑھا کرتے تھے ۔

سیدہ عائشہؓ فرماتی ہیں ۔

«کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یکثر أن یقول فی رکوعہ وسجودہ سبحانک اللھم ربنا وبحمدک اللھم اغفرلی [بخاری :۴۹۵۵]

نبی کریم اپنے رکوع اور سجدوں میں کثرت سے سبحانک اللھم ربنا وبحمدک اللھم اغفرلی پڑھتے تھے ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ

جلد 2